## تعقیبات مخصوص:

### تعقیب نمازظہر کتاب المتہجد میں ہے کہ نمازظہر کی تعقیبات کیلئے یہ دعا پڑھیں

لاَ إِلـهَ إِلاَّ اللهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ لاَ إِلـهَ إِلاَّ اللهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعالَمِينَ

خدائے عظیم و حلیم کے سوا کوئی معبود نہیں، ربِ عرش بریں کے سوا کوئی سزاوارِ عبادت نہیں۔تمام حمد عالمین کے پالنے والے خدا ہی کیلئے ہے،

اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُکَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلامَةَ

اے خدا میں تجھ سے تیری رحمت اور یقینی مغفرت کے اسباب کا سوال کرتا ہوں، ہر نیکی سے حصہ پانے اور ہر گناہ سے بچاؤ کا طلب گار ہوں، اے معبود!

مِنْ كُلِّ إِثْمٍ. اَللّٰهُمَّ لاتَدَعْ لِى ذَنْباً إِلاَّ غَفَرْتَهُ، وَلاهَمّاً إِلاَّ فَرَّجْتَهُ وَلاسُقْماً إِلاَّ شَفَيْتَهُ، وَلاَ

میرے ذمہ کوئی ایسا گناہ نہ چھوڑ جسے تو معاف نہ کرے۔کوئی غم نہ دے جسے تو دور نہ کردے، بیماری نہ دے مگر وہ جس سے شفا عطا کردے۔عیب نہ لگا

عَيْباً إِلاَّ سَتَرْتَهُ، وَلارِزْقاً إِلاَّ بَسَطْتَهُ وَلاخَوْفاً إِلاَّ آمَنْتَهُ، وَلاسُوءً إِلاَّ صَرَفْتَهُ، وَلاحَاجَةً هِىَ

مگر وہ جسے تو پوشیدہ رکھے، رزق نہ دے مگر وہ جس میں فراخی عطا کرے، خوف نہ ہو مگر جس سے تو امن عطا کرے، برائی نہ آئے مگر وہ جسے تو ہٹا دے،

لَکَ رِضاً وَلِىَ فِيها صَلاحٌ إِلاَّ قَضَيْتَها ياأَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ، آمِينَ رَبَّ الْعالَمِينَ. پھر دس مرتبہ یہ

کوئی حاجت نہ ہو مگر جسے تو پورا فرمائے اور اس میں تیری رضا اور میری بہتری ہو۔اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے آمین اے عالمین کے پالنے والے

کہیں: بِاللهِ اعْتَصَمْتُ، وَبِاللهِ أَثِقُ، وَعَلَى اللهِ أَتَوَكَّلُ پھر یہ کہیں: اَللّٰهُمَّ إِنْ عَظُمَتْ ذُنُوبِى

اللہ ہی سے متوسل ہوتا ہوں، اللہ ہی پر اعتماد ہے اور اللہ ہی پر بھروسہ کرتا ہوں۔ اے معبود! اگر میرا گناہ بڑا ہے

فَأَنْتَ أَعْظَمُ، وَإِنْ كَبُرَ تَفْرِيطِى فَأَنْتَ أَكْبَرُ، وَإِنْ دامَ بُخْلِى فَأَنْتَ أَجْوَدُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِى

تو تیری ذات سب سے بلند ہے۔اگر میری کوتاہی بڑی ہے تو تیری ذات بزرگ تر ہے اور اگر میرا بخل دائمی ہے تو، تو زیادہ دینے والا ہے اے اللہ! اپنے

عَظِيمَ ذُنُوبِى بِعَظِيمِ عَفْوِکَ، وَكَثِيرَ تَفْرِيطِى بِظَاهِرِ كَرَمِکَ، وَاقْمَعْ بُخْلِى بِفَضْلِ

عظیم عفو سے میرے بڑے گناہ بخش دے، اپنے لطف و کرم سے میری بہت سی کوتاہیاں معاف کردے اور اپنے فضل اور عطا سے میرا بخل دور کردے۔

جُودِکَ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْکَ لاَ إِلـهَ إِلاَّ أَنْتَ أَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوبُ إِلَيْکَ.

یا خدایا! ہمارے پاس جو نعمت ہے وہ تیری طرف سے ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔میں تجھ سے بخشش چاہتا اور تیرے حضور توبہ کرتا ہوں۔